

# جنت کے انکشافات

## پہلی گواہی۔۔۔عیسو۔۔۔۔

(2 کرنتھیوں 2:2) میں جانتا ہوں کہ ایک آدمی یسوع میں جو 14 سال پہلے ہو سکتا ہے جسم میں یا جسم کے باہر مجھے نہیں معلوم خُدا جانتا ہے اُتنی ہی دور پکڑا گیا تھا جتنا کہ تیسرا آسمان ہے۔



ہم کمرے میں تھے جب ہمیں پہلا تجربہ ہوا۔ کمرہ دوبارہ خُداوند کی روشنی سے بھرنا شروع ہوا یہ اتنا مضبوط تھا کہ اس نے پورا کمرا بھر دیا۔ کمرا اُس کے جلال سے بھرا ہوا تھا، اُس کے سامنے ہونا بہت ہی خوبصورت تھا۔ یسوع نے کہا میرے بیٹے! اب میں تمہیں اپنی بادشاہت دکھاؤں گا ہم میرے جلال میں جائیں گے ہم نے ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑے اور اوپر چڑھ گئے میں نے نیچے دیکھا اور جائزہ لیا کہ ہم اپنے جسموں سے باہر جا رہے تھے جیسے ہی ہم نے اپنے جسموں کو چھوڑا ہم سفید چُغہ میں ملبس ہو گئے۔ اور ہم نے بہت تیز رفتار کے ساتھ اوپر جانا شروع کیا ہم دو دروازوں کے سامنے پہنچے جو کہ آسمان کی بادشاہی میں داخلے کے راستے تھے ہم اُس پر جو ہمارے ساتھ ہوا تھا بہت حیران تھے دو فرشتوں کے ساتھ جن کے چار پَر تھے

فرشتوں نے ہمارے ساتھ باتیں کرنا شروع کئیں لیکن ہم سمجھ نہ سکے کہ وہ کیا کہہ رہے تھے، اُن کی زبان ہم سے بہت مختلف تھی وہ کسی زبان کی طرح تھی۔ یہ فرشتے ہمارا استقبال کر رہے تھے اور اُنہوں نے وہ بہت بڑا دروازہ کھولا، ہم نے مختلف اشیاء کے ساتھ ایک زبردست جگہ دیکھی۔ جب ہم داخل ہوئے تو ہمیں مکمل دلی سکون ملا۔ بائبل مقدس ہمیں بتاتی ہے کہ خُداوند ہمیں ایسا ہی سکون دے گا جو تمام بنی نوع انسان کی سوچ سے بالاتر ہو گا۔ (فلپیوں 4:7) سب سے پہلے میں نے ایک ہرن دیکھا، میں نے اپنے دوستوں میں سے ایک سے پوچھا ساندرہ! کیا تم بھی وہی کچھ دیکھ رہی ہو جو میں دیکھ رہا ہوں؟ وہ اب نہ تو رو رہی تھی اور نہ ہی چلا رہی تھی جیسا کہ پہلے جب ہم دوزخ میں تھے، وہ مسکراتے ہوئے بولی "ہاں عیسو! میں ہرن کو دیکھ رہی ہوں" پھر مجھے پتہ چلا کہ یہ سب حقیقت ہے ہم سچ مچ آسمان کی بادشاہت میں ہم وہ سب خوفناک چیزیں بھول چُکے تھے جو ہم نے دوزخ میں دیکھی تھیں ہم وہاں خُداوند کے جلال میں خوش تھے ہم وہاں گئے جہاں ہرن تھا۔ اور اُس کے پیچھے ایک بہت بڑا درخت تھا اور وہ جنت کے درمیان میں تھا۔ بائبل ہمیں مکاشفہ 2:7 میں بتاتی ہے "جس کے کان ہوں وہ سن لے کہ روح کلیسیاؤں سے کیا کہتا ہے جو غالب آئے ہیں اُنہیں شجرِ حیات میں سے کھانے کو دوں گا وہ جو خُداوند کے فردوس میں ہیں"

یہ درخت یسوع کی علامت ہے کیونکہ یسوع ہی ہمیشہ کی زندگی ہے اُس درخت کے پیچھے شفاف بلور کی طرح جیسے پانی کا دریا تھا یہ اتنا شفاف اور خوبصورت تھا کہ جیسا ہم نے کبھی زمین پر نہیں دیکھا تھا۔ ہم اُس جگہ رہنا چاہتے تھے ہم نے بہت دفعہ خُداوند سے کہا "کہ اے خُداوند مہربانی سے ہمیں یہاں سے مت لے جائیں کیونکہ ہم یہاں ہمیشہ کے لئے رہنا چاہتے ہیں ہم زمین پر واپس نہیں جانا چاہتے" خداوند نے ہمیں جواب دیا یہ ضروری ہے کہ تم لوگ واپس جاؤ اور جا کر گواہی دو اُن تمام چیزوں کی جو میں نے اُن لوگوں کے لئے تیار کی ہیں، کیونکہ میں بہت جلد واپس آرہا ہوں اور میرا اجر میرے ساتھ ہے۔

جب ہم نے دریا دیکھا تو ہم جلدی سے اُس کی طرف بھاگے اور اُس کے اندر چلے گئے ہمیں کلام یاد آیا جو یہ کہتا ہے کہ جو کوئی اپنے پیٹ سے خُداوند پر ایمان رکھتا ہے وہ زندگی کے پانی کی طرف دوڑے گا (یوحنا 7:38) اس دریا کا پانی بہت گہرا لگتا تھا اور مختلف رنگوں کی مچھلیاں اس میں تَیر رہی تھیں۔ دریا کے اندر اور باہر درمیانی روشنی تھی آسمان پر روشنی کسی خاص ذریعے سے نہیں آتی ہر چیز بہت چمکدار اور روشن تھی۔ بائبل مقدس ہمیں بتاتی ہے کہ خُداوند یسوع مسیح اُس شہر کی روشنی ہیں (مکاشفہ 21:23)۔ ہم نے اپنے ہاتھوں سے کچھ مچھلیاں پانی سے باہر نکالیں اور وہ نہ مریں۔ ہم خُداوند کی طرف بھاگے اور پوچھا کہ کیوں؟ خُداوند مسکرائے اور بولے کہ آسمان پر کوئی موت نہیں نہ رونا اور نہ ہی درد ہے (مکاشفہ 21:4)۔

ہم نے دریا کو چھوڑا اور ہر اُس جگہ کو دوڑے جو ہمیں ملی ہم ہر چیز کو چھونا اور اس کا تجربہ کرنا چاہتے تھے ہم ہر چیز اپنے ساتھ گھر لے آنا چاہتے تھے کیونکہ ہم آسمانی چیزوں سے بہت حیران تھے وہ سادہ اور ناکافی لفظوں کے ساتھ بیان نہیں کی جا سکتی۔ جب پولوس رسول آسمان پر لے جایا گیا تو اُس نے وہاں جو چیزیں دیکھیں وہ اُنہیں اس لئے بیان نہیں کر سکا کیونکہ وہ خُدا کی بادشاہت کی بہت عظیم چیزیں تھیں (2 کرنتھیوں 12)۔ ہم نے بہت سی چیزیں دیکھیں لیکن ہمارے پاس تقریباً کوئی طریقہ نہیں کہ ہم اُنہیں بیان کر سکیں

ہم پھر ایک بہت بڑے علاقے میں آئے یہ بہت حیران کن اور خوبصورت جگہ تھی یہ جگہ بہت سے قیمتی پتھروں سے بھری ہوئی تھی سونا، زمرد، روبی اور ہیرے۔ فرش خالص سونے کا بنا ہوا تھا ہم پھر اُس جگہ گئے جہاں تین بڑی کتابیں تھیں، پہلی سونے سے بنی ہوئی بائبل تھی، زبور کی کتاب میں ہمیں بتایا گیا ہے کہ خُداوند کا کلام ابدی ہے اور خُدا کا کلام آسمان پر ہمیشہ رہتا ہے (زبور 119:89)۔ ہم سونے کی بنی ہوئی بڑی بائبل کو دیکھ رہے تھے، صحیفے کلام اور سب کچھ خالص سونے سے بنا تھا۔

دوسری کتاب جو ہم نے دیکھی وہ بائبل سے بڑی تھی اور ایک فرشتہ بیٹھا ہوا اُس پر کچھ لکھ رہا تھا۔ خُداوند کے ساتھ ہم اُس کے نزدیک اُسے دیکھنے کے لئے گئے کہ فرشتہ کیا لکھ رہا ہے، فرشتہ وہ تمام چیزیں لکھ رہا تھا جو زمین پر ہو رہی تھیں، ہر چیز جو ہوئی تھی وقت تاریخ اور سب کچھ اُس میں درج تھا۔ یہ ہو گیا۔ یہاں پہ خُداوند کا وہ کلمہ پورا ہوتا ہے جہاں لکھا ہے کہ کتابیں کھولی گئیں اور لوگوں کی جو زمین پر تھے اُن کے کاموں کے مطابق عدالت ہوئی۔ جو اس کتاب میں لکھے ہوئے تھے (مکاشفہ 20:12)۔ فرشتہ وہ تمام اچھی اور بری چیزیں لکھ رہا تھا جو زمین پر ہو رہی تھیں جیسا کہ لکھا ہوا ہے۔

ہم اُس جگہ کی طرف گئے جہاں تیسری کتاب تھی یہ پچھلی والی کتاب سے بھی بڑی تھی یہ کتاب بند تھی لیکن ہم اُس کے پاس گئے ہم ساتوں نے خُداوند کے حکم کے مطابق اس کتاب کو اس کے سٹینڈ سے نیچے اُتارا۔ اور ہم نے اسے ستون پر رکھا۔ آسمان پر پِلر اور ستون بہت حیران کن ہیں۔ یہ ستون بالوں کی بنی ہوئی چٹیا کی طرح تھے وہ مختلف خوبصورت پتھروں کے بنے ہوئے تھے کچھ خالص سونے کے اور کچھ ملے جلے قیمتی پتھروں سے بنے ہوئے تھے مجھے پھر سمجھ آیا کہ خُدا اصل میں ان سب چیزوں کا مالک ہے جیسا کہ حجّی 2:8 میں لکھا ہے "چاندی میری ہے اور سونا میرا ہے" مجھے پھر سمجھ آیا کہ خُدا بہت امیر ہے اور دنیا کی تمام چیزوں کا مالک ہے، مجھے یہ بھی سمجھ آگیا کہ دنیا کی تمام شان و شوکت خُدا کی وجہ سے ہے اور وہ یہ اُن لوگوں کو دینا چاہتا ہے جو ایمان سے مانگتے ہیں۔

خُداوند نے کہا "مجھ سے مانگو اور میں تمہیں قوموں کا مالک بناؤں گا" (زبور 2:8)۔ ستون پر رکھی ہوئی یہ کتاب اتنی بڑی تھی کہ ایک صفحہ بدلنے کے لئے ہمیں کتاب کی دوسری طرف جانا پڑتا تھا ہم نے جو کتاب میں لکھا تھا پڑھنے کی کوشش کی جیسے خُداوند نے ہمیں کہا تھا۔ پہلے پڑھنا مشکل تھا کیونکہ وہ عجیب طرح سے لکھا تھا جس کی سمجھ نہیں آرہی تھی، یہ زمینی زبان سے مختلف تھی، یہ مکمل طور پر آسمانی تھا۔ لیکن پاک روح کی مدد سے ہمیں خُدا کا فضل دیا گیا کہ اس کو سمجھ سکیں جو لکھا تھا بالکل ایسے جیسے ہماری اپنی زبان ہو۔

ہم دیکھ سکتے تھے کہ ہم ساتوں کے نام وہاں پر لکھے ہوئے تھے خُداوند نے ہمیں بتایا کہ یہ زندگی کی کتاب تھی (مکاشفہ 3:5)۔ ہم نے دیکھا کہ ہمارے جو نام اس کتاب میں لکھے ہوئے تھے وہ نام نہیں جو ہمارے زمین پر تھے اس لئے خُداوند کا وہ کلام پورا ہوتا ہے جب وہ کہتا ہے کہ وہ ہمیں نئے نام دے گا جو کبھی کسی نے نہیں جانے سوائے اُس کے جس کا ہو گا (مکاشفہ 2:17)۔

آسمان پر ہم اپنے نام لے سکتے تھے لیکن جب خُداوند ہمیں واپس زمین پر لے کر آئے تو وہ نام ہمارے دل و دماغ سے نکل چکے تھے خُداوند کا کلام ابدی ہے اور اُسے پورا ہونا ہی ہے۔ میرے دوستو! بائبل کہتی ہے (مکاشفہ 3:11)۔ کسی کو اپنا نام مت لینے دو کسی کو بھی اُس جگہ کو غصب یہ ختم نہ کرنے دو جو باپ نے تمہارے لئے تیار کی ہے۔ آسمان پر لاکھوں کی تعداد میں حیران کن چیزیں تھیں۔ ہم اُنہیں اپنے الفاظ میں بیان نہیں کر سکتے لیکن میں آپ کو کچھ بتانا چاہتا ہوں "خُدا آپ کا انتظار کر رہا ہے جب کہ صرف وہی لوگ بچیں گے جو آخر تک ثابت قدم رہیں گے۔"

## دوسری گواہی۔۔۔آرئیل

جب ہم نے اوپر آسمان کی بادشاہت کی طرف جانا شروع کیا ہم قیمتی دروازوں والی ایک خوبصورت جگہ پر آئے، دروازوں کے سامنے دو فرشتے تھے، اُنہوں نے بولنا شروع کیا لیکن اُن کے لفظ فرشتیانہ تھے اور ہم سمجھ نہ پائے کہ وہ کیا کہہ رہے تھے لیکن پاک روح نے ہمیں سمجھ عطا کی۔ وہ ہمارا استقبال کر رہے تھے خُداوند یسوع نے اپنا ہاتھ دروازوں پر رکھا اور وہ کھل گئے۔ اگر یسوع ہمارے ساتھ نہ ہوتا تو ہم کبھی بھی آسمان کے اندر جانے کے قابل نہ ہوتے۔

ہم نے آسمان کی ہر ایک چیز کی حوصلہ افزائی کرنا شروع کی، ہم نے ایک بہت ہی لمبا درخت دیکھا۔ بائبل اس درخت کو "زندگی کا درخت" کہتی ہے (مکاشفہ 2:7)۔ ہم ایک دریا پر گئے اور اُس کے اندر بہت سی مچھلیاں دیکھیں۔ ہر ایک چیز اتنی اچھی تھی کہ میں اور میرے دوستوں نے پانی کے اندر جانے کا فیصلہ کیا، ہم نے پانی کے اندر تَیرنا شروع کر دیا ہم نے مچھلیوں کو اپنے ارد گرد اور اپنے جسم کو چھوتے دیکھا۔ وہ اس طریقے سے نہیں تَیر رہی تھیں جیسے عام طور پر زمین پر تَیرتی ہیں، خُداوند کی حضوری نے مچھلیوں کو پُر سکون کر دیا تھا۔ مچھلیاں ہم پر یقین کر سکتی تھیں کیونکہ وہ جانتی تھیں کہ ہم اُنہیں کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے۔ میں بہت زیادہ بابرکت اور حیران تھا کہ میں نے ایک مچھلی کو پانی سے باہر نکال لیا جو چیز حیران کن تھی وہ یہ کہ مچھلی خُداوند کی حضوری کی وجہ سے میرے ہاتھ میں بھی بہت خوش اور پُر سکون تھی۔ میں نے مچھلی کو واپس پانی میں رکھ دیا۔



میں فاصلے سے دیکھ سکتا تھا کہ آسمان میں سفید گھوڑے تھے جیسے کہ خُدا کے کلام میں لکھا ہے (مکاشفہ 19:11) "پھر میں نے آسمان کو کھلا ہوا دیکھا اور مجھے ایک سفید گھوڑا نظر آیا جس کا سوار باوفا اور برحق کہلاتا ہے وہ صداقت سے انصاف کرتا اور لڑتا ہے"۔ یہ وہ گھوڑے جو خُداوند جب زمین پر اپنے لوگوں لینے آئے گا تو استعمال کرے گا۔ میں گھوڑوں کے پاس گیا اور اُنہیں تھپتھپانا شروع کر دیا۔ خُداوند میرے پاس آئے اور مجھے اُن میں سے ایک کی سواری کرنے کی اجازت دے دی۔

جب میں نے اُن کی سواری کی تو میں نے ایسا محسوس کیا جیسا زمین پر پہلے کبھی محسوس نہیں کیا۔ میں نے امن، محبت، آزادی اور پاکیزگی کا تجربہ کیا۔ جو ایک شخص خوبصورت جگہ پر کر سکتا ہے۔ میں نے ہر اُس چیز کا لطف اُٹھایا جو میری آنکھیں دیکھ سکتی تھیں، میں ہر ایک چیز کا لطف اُٹھانا چاہتا تھا۔ جو خُداوند نے جنت میں ہمارے لئے تیار کی تھی۔



ہم نے شادی کی دعوت کی میز دیکھی، ہر ایک چیز پہلے سے ہی تقسیم کر دی گئی تھی اُس کا نہ کوئی اول نہ کوئی آخر تھا۔ ہم نے کرسیاں دیکھیں جو ہمارے لئے تیار کی گئی تھیں وہاں پر ابدی زندگی کا تاج بھی تھا جو ہمارے لینے کے لئے تیار تھا ہم نے لذیز کھانے دیکھے جو پہلے سے اُن لوگوں کے لئے لگائے گئے تھے جو برّے کی شادی میں بلائے گئے تھے

فرشتے چوغوں کے لئے سفید کپڑوں کے ساتھ موجود تھے جو خُداوند ہمارے لئے بنا رہا ہے۔ میں اُن سب چیزوں کو دیکھ کر حیران تھا۔ خُدا کا کلام ہمیں بتاتا ہے کہ ہمیں چھوٹے بچے کی طرح خُدا کی بادشاہت حاصل کرنی ہے (متی 18:3)۔ جب ہم آسمان پر تھے ہم بچوں کی طرح تھے۔ ہم نے وہاں ہر ایک چیز پھول، اقامت گاہوں کا لطف اُٹھانا شروع کیا۔ یہاں تک کہ خُداوند نے ہمیں رہائش گاہ کے اندر جانے کی اجازت دے دی تھی۔

پھر خُداوند ہمیں اُس جگہ پر لے گیا جہاں پر بہت سے بچے تھے خُداوند اُن کے درمیان میں تھا اور اُس نے اُن کے ساتھ کھیلنا شروع کر دیا۔ اُس نے اپنے ہر بچے کے ساتھ کافی وقت گذارا۔ اور اُن کی موجودگی سے لطف اُٹھایا۔ ہم خُداوند کے قریب گئے اور اُس سے پوچھا "خُداوند کیا یہ وہ بچے ہیں جو زمین پر پیدا ہونے والے ہیں" خُداوند نے جواب دیا "نہیں یہ وہ بچے ہیں جو قبل از پیدائش قتل کر دیئے گئے تھے" یہ سننے کے بعد میں نے اپنے اندر ایسی چیز محسوس کی جس نے مجھے ہلا کر رکھ دیا، مجھے وہ کچھ یاد آیا جو میں نے اپنے ماضی میں کیا تھا۔ اُس وقت میرے ایک عورت کے ساتھ تعلقات تھے اور وہ حاملہ ہو گئی، جب اُس نے مجھے بتایا کہ وہ حاملہ تھی تو مجھے سمجھ نہیں آیا کہ کیا کروں۔ میں نے فیصلہ کرنے کے لئے اُس سے کچھ وقت مانگا، وقت گذرتا گیا اور جب میں اُس کے پاس اُسے اپنا فیصلہ سنانے گیا تو وہ پہلے ہی سے بچے کو ختم کروا چکی تھی اُس نے میری زندگی کی داغدار کر دیا اگرچہ میں اپنے دل میں خُداوند کو قبول کرنے کے بعد اُس بچے کا قتل واقع ہوتھا۔ جس کے لئے میں اپنے آپ کو کبھی بھی معاف نہ کر پایا لیکن خُداوند نے اُس دن کچھ کیا اُس نے مجھے اُس جگہ داخل ہونے کی اجازت دی اور مجھے بتایا کہ "کیا تم اُس بچی کو دیکھنا چاہتے ہو جو وہاں ہے وہ لڑکی تمہاری بیٹی ہے"۔ جب اُس نے مجھے بتایا میں نے اُس لڑکی کو دیکھا اور میں نے محسوس کیا کہ میری روح میں وہ زخم جو بہت پہلے سے تھا وہ بھرنا شروع ہو گیا خُداوند نے مجھے اُس کے پاس جانے کی اجازت دی اور اُسے میرے پاس آنے کی، میں نے اُسے اپنے ہاتھوں میں لیا اور اُس کی آنکھیں دیکھیں ایک لفظ میں نے اُس کے ہونٹوں سے سنا "ابوُ" میں سمجھ گیا اور محسوس کیا کہ خُدا کو مجھ پر ترس آیا ہے اور اُس نے مجھے معاف کر دیا ہے لیکن مجھے خود کو معاف کرنا سیکھنا ہو گا۔

عزیز دوستو! جو کوئی بھی یہ پڑھتا ہے میں آپ کو ایک چیز بتانا چاہتا ہوں، خُدا آپ کے گناہوں کو معاف کر چکا ہے، اب آپ کو خود کو معاف کرنا ہو گا، میں خُدا کا شکر گذار ہوں کہ اُس نے مجھے یہ گواہی آپ کے ساتھ بانٹنے کی اجازت دی۔ خُداوند یسوع مسیح میں آپ کو عزت اور جلال دیتا ہوں۔ یہ خُداوند کی گواہی ہے اُس نے ہمیں اس انکشاف کو حاصل کرنے کی اجازت دی، مجھے اُمید ہے کہ ہر ایک بھائی جو یہ گواہی پڑھے گا وہ اس گواہی کی برکت پائے گا اور اس کو دوسروں کی برکت کے لئے لے جائے گا! خُداوند آپ کو برکت دے۔

## تیسری گواہی۔۔۔۔

مکاشفہ 21:4 "وہ اُن کی آنکھوں کے سارے آنسو پونچھ دے گا۔ پھر نہ موت باقی رہے گی نہ ماتم نہ آہ نہ نالہ۔ نہ کوئی درد باقی رہے گا کیونکہ پہلی چیزیں جاتی رہیں" جب ہم پہنچے تو بڑے دروازے ہمارے لئے کھُلے تھے اور ہم نے پھولوں سے بھری ہوئی وادی کو دیکھنا شروع کیا۔ پھول بہت خوبصورت تھے اور اُن کی خوشبو نہایت عمدہ تھی ہم نے چلنا شروع کیا اور بالکل آزادی محسوس کی جیسے ہم نے کبھی زمین پر محسوس نہ کی۔ ہم نے سکون محسوس کیا جس نے ہمارے دلوں کو بھر دیا اور جب ہم نے پھولوں کی طرف دیکھا، تو ہم نے خیال کیا کہ وہ لاثانی تھے۔ ہر ایک پتی مختلف لاثانی رنگ اور اصلی تھی۔ میں نے اپنے دل میں اپنے خُداوند سے کہا کہ میں ان پھولوں میں سے ایک پھول چاہتا ہوں خُداوند نے رضامندی کا اشارہ دیا اور میں پھولوں کے پاس گیا اور اُسے توڑنا شروع کیا لیکن کچھ بھی نہ ہوا۔ میں زمین سے پھولوں کو نہ توڑ سکا اور نہ ہی میں پھولوں کی پتیاں اور پتے توڑ سکا۔ خُداوند نے خاموشی کو توڑا اور کہا کہ یہاں ہر چیز محبت سے کی جاتی ہے۔ اُس نے پھولوں کو چھوا اور پھولوں نے اپنے آپ کو یسوع کے ہاتھ کے گرد لپیٹ لیا۔ پھر اُس نے اُنہیں ہمیں دے دیا ہم چلتے رہے لیکن پھولوں کی خوشبو ہمیں آتی رہی۔ ہم ایک جگہ پر پہنچے جس کے بہت خوبصورت دروازے تھے یہ دروازے سادہ نہیں تھے وہ اپنی دستکاری میں بہت مدّین تھے اور بہت قیمتی پتھر اُس پر چنے ہوئے تھے، دروازے کھُلے اور ہم بہت سے لوگوں کے ساتھ دروازے میں داخل ہوئے۔ ہر کوئی ادھر اُدھر بھاگ کر تیاریاں کر رہا

تھااُن میں سے کچھ اپنے کندھوں پر چمکدار سفید کپڑوں کے تھان لئے ہوئے تھے۔ دوسرے دھاگے کے بڑے دھرے اُٹھائے ہوئے تھے جب کے کچھ پلیٹیں اُٹھائے ہوئے تھے جن کے اندر شیلڈز تھیں ہر کوئی کوشش کے ساتھ بھاگ رہا تھا۔

ہم نے خُداوند سے پوچھا کہ وہاں کیوں اتنی کوشش اور جلدی تھی خُداوند نے ایک نوجوان کو قریب آنے کا حکم دیا،اُس آدمی کے کندھوں پر کپڑوں کا تھان تھا۔ وہ آیااور اُس نے تقدیس سے خُداوند کی طرف دیکھاجب خُداوند نے اُسے سے پوچھا کہ وہ کیوں کپڑوں کا تھان اُٹھائے ہوئے تھا۔ اُس نے خُداوند کی طرف دیکھااور کہا"خُداوند آپ جانتے ہیں کہ یہ کپڑا کس لئے ہے یہ کپڑا نجات یافتہ کے چُبہ بنانے کے لئے ہیں۔ عظیم دلہن کے چُبہ کے لئے۔ یہ سن کر ہم نے بہت زیادہ خوشی اور آرام محسوس کیا"

مکاشفہ 19:8 کہتی ہے کہ "اُسے چمکدار اور صاف مہین کتانی کپڑا پہننے کا اختیار ملا(کیونکہ کتانی کپڑے سے مقدسوں کے راستبازی کے کام مراد ہیں)"۔ جب ہم اُس جگہ سے باہر آئے ہم اور زیادہ سکون محسوس کیا کیونکہ یہ دیکھ کر بہت خوبصورت لگ رہا تھا کہ خُداوند خود ہمارے لئے کچھ پہناوے بنا رہا تھا۔ اُس کے پاس آپ کے لئے جگہ اور وقت ہے کیونکہ آپ اُس کے لئے اہم ہیں۔ جب ہم وہاں سے باہر آئے آسمان کی ہر ایک چیز کو دیکھ کر ہماری آنکھیں پھٹ گئیں۔ ایسے جیسے ہر ایک چیز میں زندگی تھی اور ہر ایک ذرہ خُداوند کو جلال دے رہا تھا۔



پھر ہم ایک ایسی جگہ پر آئے جہاں لاکھوں کی تعداد میں تمام عمر کے بچے تھے،جب اُنہوں نے خُداوند کو دیکھاوہ تمام کے تمام اُس سے لپٹنا چاہتے تھے وہ اور زیادہ اُس کی محبت کو محسوس کرنا چاہتے تھے کیونکہ یہ وہ اُن کی محبت تھی یسوع وہاں تمام بچوں کی محبت تھا ہمیں اُسے دیکھ کر رونا آ رہا تھا۔ کہ یسوع نے تمام بچوں کو کیسے خراب کیا ہوا تھا۔ کس طرح وہ اُن کو چومتا تھا اور اُن کے ہاتھ پکڑتا تھا۔

ہم نے دیکھا کہ کس طرح سے فرشتے خُداوند کے پاس آتے تھے اور اُس کے پاس بچوں کو کتانی کپڑوں میں لپیٹ کر لاتے تھے،خُداوند اُن کی طرف دیکھتا،اُنہیں چھوتا اور اُن کے ماتھوں کو چوم کر اُنہیں فرشتوں کو واپس دے دیتا۔ ہم نے خُداوند سے پوچھا کہ وہاں اتنے بچے کیوں تھے کیا وہ بچے زمین پر بھیجے جانے والے تھے "نہیں یہ بچے زمین پر نہیں بھیجیں جائیں گے یہ وہ ہیں جو زمین پر قبل از پیدائش قتل کروا دیئے گئے جن کے والدین انہیں نہیں لینا چاہتے یہ میرے بچے ہیں اور میں ان سے محبت کرتا ہوں "میں نے اپنا سر ہلایا اور میری خُداوند سے سوال پوچھتے ہوئے آواز کانپنے لگی۔ جب میں خُداوند کو نہیں جانتا تھا کہ وہی سچی زندگی ہے میں نے غلطی کی سب کی طرح گناہ کیا خُداوند کیا وہ بچہ جو میں نے بہت عرصہ پہلے ختم کروا دیا تھا وہ یہاں ہے؟ خُداوند نے جواب دیا"ہاں "میں نے ایک طرف چلنا شروع کر دیا اور ایک خوبصورت لڑکا دیکھا اُس کے قدموں کے پاس ایک فرشتہ کھڑا تھا۔ فرشتہ خُداوند کی طرف دیکھ رہا تھا جب کہ اُس لڑکے کا ہماری طرف پیچھا تھا دیکھو وہاں ہے تمہارا بیٹا۔ میں اُسے دیکھنا چاہتا تھا اس لئے میں اُس کی طرف بھاگا۔ لیکن فرشتے نے اپنے ہاتھ سے مجھے روک دیا اُس نے مجھے دکھایا کہ مجھے پہلے لڑکے کی بات سننی چاہیے۔ میں نے سننا شروع کیا کہ ایک چھوٹا لڑکا کیا کہہ رہا تھا "کیا میرا باپ اور میری ماں یہاں جلد آ رہے ہیں؟"فرشتے نے میری طرف دیکھا اور جواب دیا"ہاں، تمہارا باپ اور تمہاری ماں یہاں آنیوالے ہیں "میں نہیں جانتا کہ مجھے کیوں یہ الفاظ سننے کا اعزاز دیا گیا۔ لیکن اپنے دل میں میں یہ کہہ رہا تھا کہ یہ الفاظ میرے لئے سب سے قیمتی تحفہ ہیں جو خُداوند نے مجھ کو دیئے ہیں، یہ چھوٹا غصے سے نہیں بول رہا تھا اور نہ ہی درد سے ہو سکتا ہے کہ وہ جانتا ہے کہ ہم نے اُسے پیدا نہیں ہونے دیا تھا۔ وہ صرف محبت سے انتظار کر رہا تھا جو خُدا نے اُس کے دل میں ڈالی تھی۔

ہم چلتے رہے لیکن میں اپنے ذہن میں اُس بچے کو ذہن نشین کرتا رہا۔ میں جانتا ہوں کہ مجھے ہر روز کوشش کرنی ہے کہ میں ایک دن اُس بچے کے پاس ہمیشہ کے لئے جاؤں۔ میرے پاس آسمان کی بادشاہت میں جانے کے لئے ایک اور بڑی وجہ یہ تھی کہ کوئی میرا وہاں پر انتظار کر رہا تھا۔ خُدا کا کلام ہمیں (یسعیاہ 65:19) میں بتاتا ہے "میں یروشلیم سے خوش اور اپنے لوگوں سے مسرور ہوں گا؛ اور اُس میں رونے اور چلانے کی آواز پھر کبھی سنائی نہ دے گی "ہم ایک جگہ پر آئے جہاں ایک چھوٹا پہاڑ تھا اور خُداوند یسوع مسیح

وہاں پر جھومتا ہوے آئے۔ اُس کے سامنے لوگوں کا ہجوم تھا جو کہ سفید کپڑوں میں ملبوس تھا اور اُن کے ہاتھوں میں زیتون کی سبز ٹہنیاں تھیں، جنہیں وہ ہوا میں لہراتے تھے ،اُس میں سے تیل نکلتا تھا۔ خُداوند نے آپ کے لئے بڑی چیزیں تیار کی ہیں۔ اب یہ آپ کے لئے وقت ہے کہ اپنا دل اُس کے سامنے رکھیں "خُدا آپ کو برکت دے"

## چوتھی گواہی۔۔۔

آسمان کی بادشاہت میں ہم نے حیرت انگیز چیزیں دیکھیں جیسا کہ پاک کلام میں لکھا ہے (1 کرنتھیوں 2:9) "مگر پاک کلام میں لکھا ہے کہ جو نہ تو کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا، نہ کسی کے خیال میں آیا اُسے خُدا نے اُن کے لئے تیار کیا ہے جو اُس سے محبت رکھتے ہیں" جب ہم آسمان کی بادشاہت میں پہنچے تو بہت ساری چیزیں دیکھیں، یہ بہت خوبصورت اور حیران کن تھا اتنی بڑی چیزیں دیکھنا اور خُداوند کے جلال کو محسوس کرنا۔ بہت سے بچوں سے بھری ہوئی جگہ بہت خاص تھی۔

ہم نے مختلف عمر کے بچے دیکھے، آسمان مختلف حصوں میں تقسیم تھا، ہم نے کچھ بچوں کے گھر دیکھے جہاں 4-2 سال کے بچے تھے۔ ہم نے یہ بھی خیال کیا کہ آسمان کی بادشاہت میں بچے بڑھتے ہیں اور وہاں پر ایک سکول تھا جہاں بچوں کو خُدا کا کلام سکھایا جاتا تھا، فرشتے بچوں کے اُستاد تھے اور وہ اُنہیں سکھاتے تھے کہ کس طرح گیتوں سے خُدا کی عبادت کرنی ہے اور کس طرح سے خُداوند یسوع کے نام کو جلال دینا ہے۔ جب خُداوند وہاں پہنچا تو ہم اپنے بادشاہ کی بہت بڑی خوشی دیکھ سکتے تھے اگرچہ ہم اُس کا چہرہ نہ دیکھ پائے، ہم اُس کی مُسکراہٹ نہ دیکھ پائے جس نے پوری جگہ کو بھر دیا تھا۔ جب وہ پہنچا تو تمام بچے اُس کی طرف بھاگ گئے۔

ان تمام بچوں میں ہم مقدسہ مریم کو دیکھ سکتے تھے وہ ایک خوبصورت عورت تھی۔ ہم نے اُسے کسی تخت پر نہ دیکھا اور نہ ہی کوئی اُس کی پوجا کر رہا تھا۔ وہ وہاں پر دوسری عورتوں کی طرح ہی تھیں، باقی تمام لوگوں کی طرح جو زمین پر تھے اُسے بھی اپنی نجات حاصل کرنی تھی۔ اُس نے سفید چوغہ پہنا تھا اور سنہری کمربند اُس کی کمر کے گرد تھا اور اُس کے بال اُس کی کمر تک پہنچ گئے تھے۔ زمین پر جیسے ہم نے بہت سے لوگوں سے سنا ہے جسے وہ مقدسہ مریم یسوع کی ماں کی حیثیت سے پوجا کرتے ہیں۔ لیکن میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ خُدا کا کلام کہتا ہے "راہ، حق اور زندگی میں ہیں کوئی میرے وسیلے کے بغیر باپ کے پاس نہیں جاسکتا (یوحنا 14:6)"۔ خُدا کی بادشاہت میں صرف اور صرف داخلہ یسوع مسیح ہی ہیں۔

جہم نے یہ بھی دیکھا کہ وہاں پر سورج اور چاند نہیں ہیں، خُدا کا کلام ہمیں مکاشفہ 22:5 میں بتاتا ہے "پھر کبھی رات نہ ہوگی اور وہ چراغ اور سورج کی روشنی کے محتاج نہ ہوں گے کیونکہ خُدا خود اُنہیں روشنی دے گا اور وہ ابد تک بادشاہی کرتے رہیں گے۔" ہم خُدا کے جلال کو دیکھ سکتے تھے ہم اُن تمام خوفناک مناظر کو بیان کرنا مشکل سمجھتے ہیں جو ہم نے دوزخ میں دیکھے لیکن اس سے بھی زیادہ مشکل اُن فلکی چیزوں کو بیان کرنا ہے جو ہم نے دیکھیں۔ اور اپنے بنانے والے کی قابلیت کو۔ جب ہم وہاں پر تھے ہم بھاگ کر سب کچھ دیکھنا چاہتے تھے، ہم گھاس پر لیٹ کر خُداوند کے جلال کو محسوس کرنا چاہتے تھے۔ وہ نرم ہوا جو ہمارے چہروں کو چوم رہی تھی یہ بہت حیران کن تھا۔

آسمان کے درمیان میں ہم ایک بہت بڑا صلیب خالص سونے سے بنا ہوا دیکھ سکتے تھے ہمارا یقین تھا کہ یہ بت پرستی کی علامت نہیں تھا لیکن اس سے زیادہ یہ علامت دیکھا رہا تھا کہ خُداوند یسوع مسیح کی موت کی وجہ سے ہم نے آسمان کی بادشاہی پائی ہے۔ ہم آسمان پر چلتے رہے، خُداوند کے ساتھ چلنا بہت دلکش تھا وہاں پر ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ خُدا کون ہے؟ جس کی ہم خدمت کر رہے ہیں یسوع ناصری!


ہم میں سے بہت سے لوگ یہ سوچتے ہیں کہ وہاں اوپر خُدا ہے جو ہمارے لئے انتظام کر رہا ہے کہ ہم گناہ کریں اور وہ ہمیں دوزخ میں پھینک دے لیکن یہ حقیقت نہیں کہ وہ یسوع کے دوسرے چہرے میں دیکھ سکیں جو ہمارا مددگار اور نجات کی راہ پر چلنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ خُداوند یسوع نے ہمیں بائبل میں ایک شخص کے ساتھ ملنے کی اجازت بھی دی

ہم داؤد بادشاہ سے ملے، داؤد بادشاہ کا ذکر کلام میں آیا ہے، وہ بہت خوبصورت آدمی تھا وہ دراز قد اور اُس کے چہرے پر خُدا کا جلال ظاہر ہوتا تھا۔ جب تک ہم آسمان کی بادشاہی میں رہے، داؤد بادشاہ صرف رقص، رقص اور رقص ہی کرتا رہا۔ ایسا کر کے وہ خُدا کو عزت اور جلال دے رہا تھا۔

اُن لوگوں کو جو یہ گواہی پڑھ رہے ہیں میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ خُدا کا کلام کہتا ہے (مکاشفہ 21:27) "کوئی ناپاک چیز اُس میں کبھی راہ نہ پائے گی اور نہ کوئی گھنونے کام کرنے والا یا جھوٹ گھڑنے والا اُس میں کبھی داخل نہ ہو گا سوائے اُن کے جن کے نام برّہ کی کتابِ حیات میں لکھے ہوئے ہیں۔"

اور میں آپ کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ صرف بہادر ہی خُدا کی بادشاہت کا انتظام سنبھال سکتے ہیں۔ خُدا تمہیں برکت دے۔

## پانچویں گواہی۔۔۔



(2 کرنتھیوں 5:10) میں مرقوم ہے "کیونکہ ہم سب کو مسیح کی عدالت میں پیش ہونا ہے تاکہ ہر شخص اپنے اچھے یا برے اعمال کا جو اُس نے دنیا میں کئے ہیں، بدلہ پائے۔" آسمان کی بادشاہت میں ہم نے نیا یروشلیم دیکھا جس کے بارے میں ہمیں بائبل بتاتی ہے (یوحنا 14:2) "میرے باپ کے گھر میں بہت سے مکان ہیں۔ اگر نہ ہوتے تو میں نے تمہیں بتا دیا ہوتا۔ میں تمہارے لئے جگہ تیار کرنے وہاں جا رہا ہوں۔" ہم اُس شہر کو دیکھ سکتے تھے اور اُس میں داخل ہوئے وہ ایک حقیقت اور حیرت انگیز شہر ہے یسوع ہمارے لئے وہاں پر جگہ تیار کرنے گیا ہے

شہروں میں ہم دیکھتے ہیں کہ ہر گھر کے سامنے اُس کے مالک کا نام لکھا ہوتا ہے لیکن یہ شہر ابھی تک کسی کو وراثت میں نہیں ملا ہمیں اندر جانے اور تمام چیزوں کو دیکھنے کی اجازت مل گئی لیکن اُس کے بعد جب ہم شہر سے نکلے تو سب بھول گئے کہ ہم نے کیا دیکھا تھا۔ وہ یادیں ہم سے لے لی گئیں، تاہم ہمیں یاد ہے کہ وہاں گھروں کے ستون قیمتی دھاتوں سے بنے ہوئے ہیں اور مختلف قسم کے قیمتی پتھروں سے جڑے ہیں۔ اُن کے اندر خالص سونا بھی تھا

اس شہر کا سونا ایسا ہے جیسا بائبل بیان کرتی ہے یہ تقریباً شفاف اور چمکدار ہے زمین کے سونے کا آسمان کے سونے سے چمک دمک اور خوبصورتی میں کوئی مقابلہ نہیں

اس کے ہم ایسی جگہ پر لے جائے گئے جہاں پر بہت زیادہ کنٹینرز تھے اور اُن کے اندر شفاف آنسو تھے یہ وہ آنسو تھے جو ابنِ انسان نے زمین پر بہائے تھے یہ شکایات کے آنسو نہ تھے لیکن وہ آنسو تھے جو لوگ تب بہاتے ہیں جب وہ خُداوند کی حضوری میں ہوتے ہیں پچھتاوے کے آنسو اور شکر گذاری کے آنسو خُداوند ان آنسوؤں کو قیمتی خزانے کی طرح آسمان پر رکھتا ہے جس طرح سے زبور 56:8 میں مرقوم ہے "میرے نالوں کو لکھ لے؛ میرے آنسوؤں کو اپنے طومار میں درج کر لے۔ کیا تُو اُن کا حساب نہیں رکھتا؟" ہم اُس جگہ پر بھی آئے جہاں بہت سارے فرشتے بھی تھے اگرچہ ہم آسمان پر بہت مختلف قسم کے فرشتے دیکھ سکتے تھے لیکن اس جگہ کی ایک خاص قسم تھی ہم نے دیکھا کہ یسوع نے ہر ایک کے لئے ایک خاص فرشتہ رکھا تھا اُس نے ہمیں یہ بھی بتایا کہ یہ فرشتے ہمارے پاس ابدی رہیں گے اُس نے ہمیں اُس فرشتوں سے ملوایا جو ہمارے لئے مقرر تھے، ہم اُن کی خصوصیت دیکھنا چاہتے تھے لیکن خُدا نے ہمیں بتایا یہ اُن کو اپنا آپ کسی پر ظاہر کرنے کی اجازت نہیں۔ ہم زبور 91:11 میں پڑھتے ہیں "کیونکہ وہ اپنے فرشتوں کو تیرے متعلق حکم فرمائے گا کہ وہ تیری سب راہوں میں تیری حفاظت کریں۔" ہم اُس جگہ آئے جہاں بہت سارے نالے تھے۔ اُن کے اندر بہت سے مختلف پھول تھے کچھ پھول کھلے، خوبصورت اور دلکش تھے لیکن دوسرے ایک طرف سے جھکے ہوئے تھے۔ جب کہ دوسرے مرجھائے ہوئے تھے ہم نے یسوع سے پوچھا کہ اس سب کا کیا مطلب تھا؟ اُس نے جواب دیا کہ یہ اس لئے ہیں کہ تم میں سے ہر ایک کی زندگی ان پھولوں کی طرح ہے اُس نے چمکدار پھولوں میں سے ایک کو لیا اور کہا یہ پھول اس رابطے کو ظاہر کرتا ہے جو

تمہارا میرے ساتھ ہے۔اُس نے اُس پھول کو چھوڑ کر ایک اور پھول لیا جو نیچے کو تھا۔ دیکھو یہ آدمی اس لئے نیچے ہے کیونکہ یہ مصائب میں ہے اُس کی زندگی میں کچھ ہے جو میرے سے رابطے میں رکاوٹ ہے تم جانتے ہو کہ میں ان پھولوں کے ساتھ کیا کرتا ہوں جب یہ نیچے ہوتے ہیں، تاکہ ان کو دوبارہ چمکدار اور صحت مند بناؤں؟ اُس نے پھر اُس پھول کو اپنے ہاتھ میں لیا اور کہا میں اپنے آنسوان پر گراتا ہوں اور میں ان کو اوپر اُٹھاتا ہوں۔ ہم نے دیکھا کہ اس طرح مضبوط طریقے سے اس پھول میں دوبارہ زندگی آ گئی۔ وہ اُٹھ گیا اور اُس کا رنگ دوبارہ ظاہر ہونا شروع ہو گیا۔

اُس نے پھر ایک مرجھایا ہوا پھول لیا اوُاسے یہ کہتے ہوئے آگ میں پھینک دیا، دیکھو یہ شخص مجھے جانتا تھا اور پھر مجھ سے بھاگ گیا اب وہ مر گیا ہے اور آگ میں ڈالا گیا ہے (یوحنا 15:5،6)۔

جب ہم وہاں سے روانہ ہوئے ہم نے کافی فاصلے پر ایک قلعہ دیکھا کسی نے اُس قلعے کے پاس جانے کی جرات نہ کی اور یہ ہمارا یقین ہے کہ یہ وہی ہے جس کے بارے میں پاک کلام کہتا ہے (مکاشفہ 22:1) "پھر اُس فرشتہ نے مجھے آبِ حیات کا ایک دریا دیکھایا جو بلور کی مانند شفاف تھا اور خُدا اور برّہ کے تخت سے نکل کر اُس شہر کی شاہراہ کے وسط میں سے بہتا تھا۔"

ہمارا یقین تھا کہ وہ کم و بیش خُداوند کی موجودگی اور تخت کے پاس واقع تھا۔

خُدا کی بادشاہت میں اُن تمام چیزوں کا تجربہ کرتے ہوئے ہمارے دل میں بہت زیادہ خوشی تھی ہمیں وہ سکون ملا جو کہ سمجھ سے باہر تھا (فلپیوں 4:7) ہم سمجھے جیسے کہ (1 پطرس 1:4) میں لکھا ہے "تاکہ ہم ایک غیر فانی، پاک اور لازوال میراث پائیں جو خُدا کی طرف سے ہمارے لئے آسمان پر محفوظ ہے"

## چھٹی گواہی۔۔۔

لوقا 22:30 میں مرقوم ہے "تاکہ تم میری سلطنت میں میرے دستر خوان سے کھاؤ اور پیو بلکہ تم شاہی تختوں پر بیٹھ کر اسرائیل کے بارہ قبیلوں کی عدالت کرو گے" اس بڑی جگہ پر خُداوند نے ہمیں بہت زیادہ خوبصورت استقبالیہ ہال دیکھنے کی اجازت دی۔ ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں کہ کائنات میں کبھی ایسا استقبالیہ ہال موجود ہو گا۔ ہم نے ایک جن کا تخت دو کرسیوں کے ساتھ دیکھا جو خالص سونے اور قیمتی پتھروں سے بنا تھا جو کہ زمین پر موجود نہیں ہے، اُس جن کے تخت کے سامنے ایک میز تھا جس کا کوئی آخر نہ تھا اور اُس کے اوپر سفید رنگ کا کپڑا تھا یہ اتنا سفید تھا کہ ہم اُس کا موازنہ کسی زمینی چیز سے نہیں کر سکتے ہر قسم کا نہایت عمدہ اور خوش ذائقہ کھانا میز پر لگایا گیا تھا ہم نے مالٹے کی جسامت کے انگور دیکھے اور خُداوند یسوع نے ہمیں اُن میں سے کچھ کو چکھنے کی اجازت دے دی ہمیں اب بھی اُس کا ذائقہ یاد ہے یہ بہت ہی زبردست تھا۔

میرے بھائیو اور دوستو! تم سوچ بھی نہیں سکتے کہ کتنی چیزیں تمہارے لئے آسمان کی بادشاہت میں تیار ہیں اور جو خُداوند تمہارے لئے پہلے سے تیار کر چکا ہے (1 کرنتھیوں 2:9)۔ میز پر خُداوند نے ہمیں روٹی دیکھنے کی اجازت دی یہ خُدا کی روٹی تھی جس کے بارے میں کلام ہمیں بتاتا ہے ہمیں اور مختلف چیزوں کے ساتھ جو زمین پر موجود نہیں اُس کا ذائقہ چکھنے کی اجازت دے دی گئی یہ چیزیں ہمارے لئے خُدا کی بادشاہت میں ناقابلِ انتقال ورثے کے طور پر انتظار کر رہی ہیں ہم تب ہی اُن حیران کن، نہایت عمدہ اور مزیدار کھانوں کا ذائقہ چکھیں گے جب ہم خُدا کی بادشاہی کے وارث بنیں گے۔ ہم حیران تھے کے کرسیاں میز کے دونوں طرف لگی تھیں ان خوبصورت کرسیوں پر ہر کسی کے نام لکھے تھے ہم اُن کرسیوں پر اپنے نام صاف صاف پڑھ سکتے تھے لیکن ہمارے وہ نام نہیں تھے جو زمین پر تھے۔ وہ نئے نام تھے جو کوئی اور نہیں جانتا تھا سوائے ہمارے۔

مکاشفہ 2:17 جو پاک کلام میں لکھا تھا اُس نے ہمیں حیران کر دیا تھا(لوقا 10:20)"تاہم اس بات سے خوش نہ ہو کہ روحیں تمہارا حکم مانتی ہیں بلکہ اس بات سے خوش ہو کہ تمہارے نام آسمان پر لکھے ہوئے ہیں"۔ وہاں پر بہت سی کرسیاں تھیں اُن سب کے لئے وہاں پر بہت جگہ تھی جو آسمان کی بادشاہت میں جانا چاہتے ہیں۔ وہاں پر وہ بھی کرسیاں تھیں جو میز سے اُٹھالی گئی تھیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ مرد اور عورتیں جو خُداوند کی خدمت کرنے سے چکے ہیں، اُن کے نام کتابِ حیات سے مٹائے جا چکے ہیں اور وہ بّرے کی شادی کے کھانے سے نکال دیئے گئے ہیں۔

خُداوند نے ہمیں کلام میں سے آدمیوں کو ملنے کی اجازت دی، حیرت انگیز مقدس سین جن کے بارے میں ہم کلام میں پڑھتے ہیں۔ ہم ابراہام کو دیکھ کر حیران تھے، ابراہام ایک بزرگ تھا لیکن اپنے جسم اور دیکھنے میں نہیں وہ اپنی حکمت کی وجہ سے بزرگ تھے ابراہام کے بال مکمل طور پر سفید تھے۔ لیکن ہر ایک بال شیشے کے تار یا ہیرے کے تار جیسا تھا۔ جس بات نے ہمیں سب سے زیادہ حیران کیا وہ یہ کہ وہ ہم سب سے زیادہ جوان تھا۔ آسمان پر ہم سب دوبارہ جوان ہو جائیں گے، ہم اُس کے الفاظ سے بھی حیران تھے ابراہام نے ہمیں کچھ ایسا بتایا جو ہم کبھی بھی نہ بھولیں گے۔ اُس نے خُداوند کی بادشاہت میں ہمارا استقبال کیا اور بتایا کہ ہم بھی جلد اُس جگہ پر ہوں گے۔ کیونکہ یسوع مسیح کی آمد جلد ہونے والی ہے۔